**MZK / Adeel**

**15-05-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔مختلف رہنما اپنی اپنی پارٹیوں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے ریاستوں کے دورے کررہے ہیں۔

2 انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے دلی ہائیکورٹ کو مطلع کیا ہے کہ عام آدمی پارٹی کو ایکسائز پالیسی گھوٹالے میں شریک ملزم بنایا جائے گا۔

3 مرکزی وزارت داخلہ نے لوگوں کو سائبر مجرموں کے ہاتھوں بلیک میلنگ اور ڈیجیٹل طور پر لوگوں کو گرفتار کئے جانے کے خلاف خبردار کیاہے جو سرکاری افسران کے نام سے یہ جرائم انجام دیتے ہیں۔

4 امریکی صدر جوبائیڈن نے چین کی الیکٹرک گاڑیوں اور بیٹریوں پر کافی زیادہ محصول لاگو کردیاہے تاکہ امریکی کارکنوں کو غیرمنصفانہ تجارتی طور طریقوں سے تحفظ دیا جاسکے۔

5 اور ٹیبل ٹینس میں مانیکا بترا ایسی پہلی بھارتی خاتون بن گئی ہیں جنہوں نے خواتین کے سنگلز کی درجہ بندی میں سرفہرست25 کھلاڑیوں میں مقام حاصل کیاہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Modi Maharashtra

وزیراعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندرمودی آج مہاراشٹر کے ڈِنڈوری اور کلیان حلقوں میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کریں گے ۔ جناب مودی بدھ کی شام ممبئی میں ایک روڈ شو کا بھی انعقاد کریں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

VC- Prarthna

*وزیراعظم اور سینئر بی جے پی رہنما نریندرمودی مہاراشٹر کے، قبائلی غلبے والے ڈِنڈوری ضلعے میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کریں گے۔ڈِنڈوری میں وزیراعظم، مرکزی وزیر اور بی جے پی امیدوار ڈاکٹر بھارتی پروین پوار کی حمایت میں چناؤ مہم کریں گے، جو **NCP-SP** امیدوار کے خلاف چناؤ لڑرہے ہیں، بعد میں وہ کلیان لوک سبھا حلقے میں ایک ریلی سے خطاب کریں گے، جہاں سے وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کے بیٹے اور دوبار کے ممبرپارلیمنٹ شری کانت شندے چناؤ لڑرہے ہیں۔ شام کو جناب مودی ایک روڈ شو کا انعقاد کریں گے۔ وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزیراعلیٰ دویندرفڑنویس اور اجیت پوار اور شہر کے*

*بی جے پی سربراہ آشیش شیلر بھی روڈ شو میں ان کے ہمراہ ہوں گے۔ امید ہے کہ جناب مودی ممبئی میں جمعے کو ایک اور ریلی سے منعقد کریں گے۔*
*ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں اسد اللہ*

## UP Campaign

مختلف سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما اور سرکردہ شخصیات آج اترپردیش میں چناؤ مہم انجام دیں گی۔ سینئر بی جے پی لیڈر راجناتھ سنگھ موہن لال گنج حلقے سے بی جے پی امیدوار کیلئے انتخابی مہم انجام دیں گے۔
سینئر بی جے پی لیڈر اور اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ مہوبہ جالون، جھانسی اور لکھنؤ میں چناؤ مہم انجام دیں گے۔ وہ جھانسی ضلعے میں ایک روڈ شو منعقد کریں گے۔
سماجوادی پارٹی سربراہ اکھلیش یادو بلرامپور ضلعے کی Gainsadi اسمبلی سیٹ کے لئے ایک سیاسی ریلی سے خطاب کریں گے جہاں چھٹے مرحلے کے تحت ضمنی چناؤ منعقد ہوگا۔ وہ آج فیض آباد حلقے میں I.N.D.I. اتحاد امیدوار کیلئے بھی انتخابی انجام دیں گے۔

کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے، ہماچل پردیش کے وزیر اعلیٰ سکھ وندر سنگھ سکھو اور کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی آج رائے بریلی چناؤ مہم انجام دیں گی۔
بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی باندہ حلقے کے Atarra علاقے میں ایک سیاسی ریلی سے خطاب کریں گی۔x

## Delhi Election Campaign

دلی کی سات لوک سبھا سیٹوں کیلئے سیاسی سرگرمیوں میں تیزی آ گئی ہے۔ یہاں سرکردہ سیاسی شخصیتیں ووٹروں کو اپنی طرف راغب کرنے کے لئے ریلیاں، عوامی جلسے اور روڈ شوز منعقد کررہی ہیں۔ BJP رہنما اور مدھیہ پردیش کے سابق وزیر اعلیٰ شیو راج سنگھ چوہان نے کل بی جے پی امیدوار منوج تیواری کے حق میں دلی کے کملا نگر علاقے میں ایک عوامی جلسہ کیا، جو شمال مشرقی دلی حلقے سے انتخاب لڑ رہے ہیں۔ آسام کے وزیر اعلیٰ اور بی جے پی لیڈر ہیمت بسوا سرما نے مشرقی دلی پارلیمانی حلقے سے پارٹی امیدوار ہرش ملہوترا کی حمایت میں لکشمی نگر علاقے میں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب کیا۔
BJP لیڈر اور مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو نے بھی ٹیالہ علاقے میں مغربی دلی کی لوک سبھا حلقے سے بی جے پی امیدوار کملجیت سہراوت کی حمایت میں ایک روڈ شو کیا۔ نئی دلی پارلیمانی حلقے سے بی جے پی کی امیدوار Bansuri Swaraj نے راجدھانی کے وسنت وہار علاقے میں گھر گھر جاکر چناؤ مہم انجام دی جبکہ چاندنی چوک سیٹ سے بی جے پی امیدوار پروین کھنڈیلوال نے پہاڑ گنج علاقے میں کاروباری افراد کے ساتھ ایک جلسے کا انعقاد کیا۔
دوسری جانب عام آدمی پارٹی کے سینئر رہنما اور راجیہ سبھا کے ممبر پارلیمنٹ سنجے سنگھ نے مغربی دلی لوک سبھا سیٹ سے پارٹی امیدوار مہابل مشرا کی حمایت میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔
نئی دلی لوک سبھا سیٹ سے عام آدمی پارٹی کے امیدوار سومناتھ بھارتی نے قرول باغ علاقے میں ایک عوامی جلسہ منعقد کیا۔
مشرقی دلی سیٹ پر عام آدمی پارٹی کے امیدوار کلدیپ کمار نے گاندھی نگر علاقے میں ایک روڈ شو کیا۔
اِس دوران شمال مشرقی دلی سیٹ سے کانگریس امیدوار کنہیا کمار نے گوکلپوری اور گنگا وہار علاقوں میں پدیاترا کی۔ چاندنی چوک لوک سبھا سیٹ سے کانگریس امیدوار جے پرکاش اگروال نے بھی وزیرپور جے جے کالونی میں پدیاترا کی۔ دلی میں سات لوک سبھا سیٹوں کیلئے کُل 162 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔
دلی میں ووٹنگ 25 مئی کو ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی 4 جون کو کی جائے گی۔x

Kalyan Constituency

لوک سبھا حلقوں سے متعلق جانکاری کی اپنی سیریز میں آج ہم مہاراشٹر کی کلیان سیٹ کے بارے میں بات کررہے ہیں۔ یہ پارلیمانی حلقہ چھ اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہے جو اس طرح ہیں۔ امبرناتھ، اُلہاس نگر، کلیان مشرق، دومبی ولی، کلیان دیہی اور مُمبرا۔کلوا۔

کلیان میں 28 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ تقریباً 20لاکھ 82 ہزار رائے دہندگان کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Nisha Raney

*کلیان حلقہ، **2008** میں وجود میں آیاتھا اور اس میں تبھی سے شیوسینا کا غلبہ رہا ہے، لیکن اس بار یہاں شیوسینا کا مقابلہ شیوسینا سے ہی ہے۔ مہاراشٹر کے وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے کے بیٹے ڈاکٹر شریکانت شندے، جو **2014** سے اس حلقے کی نمائندگی کررہے ہیں، تیسری بار کامیابی کی راہ دیکھ رہے ہیں۔ ڈاکٹر شندے، سڑک اور ریل میں بہتری لانے کیلئے زبردست کام کررہے ہیں۔ وہ میٹرو کو تیز رفتار بنانے کے ساتھ ساتھ عالمی سطح کی صحت اور بنیادی ڈھانچے کی تعمیر پر بھی کام کررہے ہیں۔ اُن کے حریف ہیں شیوسینا-یوبی ٹی کے امیدوار ویشالی دریکر رانے جو کلیان دومبی ولی میونسپل کارپوریشن کے سابق رکن بھی ہیں۔ ٹھاکرے کنبہ، دریکر کو سماج کی بالکل نچلی سطح پر کام کرنے والے ایک مضبوط کارکن کے طور پر دیکھتا ہے۔*

***2019** میں عام انتخابات میں شری کانت شندے کو **62** فیصد ووٹ حاصل ہوئے تھے۔ایسا لگتا ہے کہ اِس بار بھی یہ مقابلہ کچھ بہت سخت نہیں رہے گا کیونکہ چھ میں سے پانچ اسمبلی سیٹوں پر مہایوتی اتحاد کی حکمرانی ہے۔*

*ممبئی سے نشا رانے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں اسداللہ*

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

ED Aaap Co Accused

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے دلی ہائی کورٹ کو مطلع کیا ہے کہ عام آدمی پارٹی کو، شراب سے متعلق پالیسی کے مبینہ گھوٹالے میں، مشترکہ ملزم بنایا جائے گا۔اِس کیس میں عام آدمی پارٹی کے تین رہنما، ملوث بتائے جاتے ہیں، جن میں پارٹی سربراہ اور دلی کے وزیراعلیٰ اروندکجریوال جیل میں قید ہیں۔ ایسا پہلی بار ہے کہ کسی سیاسی پارٹی کو کسی کیس میں ملزم بنایا گیاہو۔

تفتیشی ایجنسی نے عدالت کو، جو عام آدمی پارٹی کے رہنما اور دلی کے سابق نائب وزیراعلیٰ منیش سسودیا کی ضمانت کی درخواست پر سماعت کررہی تھی، بتایا کہ اس کیس میں ایک ضمنی فردجرم داخل کی جائے گی اور اس میں پارٹی کا نام شامل کیا جائے گا۔

انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ اس مبینہ گھوٹالے کے، کالے دھن کو جائز بنانے کے زاویے کی تفتیش کررہا ہے۔یہ قدم، سپریم کورٹ کی طرف سے جناب کجریوال کو لوک سبھا انتخابات میں چناؤ مہم انجام دینے کیلئے، عبوری ضمانت دیئے جانے کے کچھ ہی دن بعد اٹھایا گیاہے۔

پچھلے سال اکتوبر میں عام آدمی پارٹی کو ایک ملزم بنانے کا سوال، سپریم کورٹ کی طرف سے اٹھایا گیاتھا۔ عدالت نے پوچھا تھا

کہ ای ڈی کے دعووں کے مطابق جب اِس سیاسی پارٹی نے شراب پالیسی کیس میں مبینہ طور پر رشوت لے کر فائدہ اٹھایاہے تو اِس کا نام، کیوں نہیں شامل کیا جارہا ہے۔

ایکسائز پالیسی کے تحت جو نومبر 2021 میں لاگو کی گئی تھی، دلی سرکار نے شراب کی خردہ فروش سے خود کو الگ کرلیاتھا اور پرائیویٹ لائنس یافتگان کو شراب کی دکانیں چلانے کی اجازت دے دی گئی تھی۔×

## MHA Fraud

وزارت داخلہ نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اُن دھوکے بازوں سے ہوشیار رہیں جو خود کو پولیس افسران ،تفتیش کے مرکزی بیورو، نارکوٹکس محکمے ، بھارتیہ ریزرو بینک ، انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ اور قانون نافذ کرنے والی دیگر ایجنسیوں کے افسران کے نام سے فون کالس کرتے ہیں۔ وزارت کے مطابق ایسی بہت سی شکایتیں قومی سائبر جرائم کی رپورٹ کے پورٹل پر موصول ہوئی ہیں جو ڈرائے دھمکانے ، بلیک میل کرنے ، پیسہ اینٹھنے اور سائبر مجرموں کی طرف سے ڈجیٹل اریسٹ کرنے سے متعلق ہیں ۔

کچھ معاملات میں غیر مشتبہ متاثرین کو ڈجیٹل طور پر گرفتار کرلیا گیا اور اسکائپ یا دیگر ویڈیو کانفرنسنگ پلیٹ فارم پر انہیں گرفتار کرکے سامنے پیش کردیا گیا اور اس طرح دھوکے بازوں نے اپنے مطالبات پورے کئے۔

یہ دھوکے باز اسٹوڈیو میں بنائے گئے پولیس اسٹیشنوں ، سرکاری دفتروں کا استعمال کرتے ہیں اور خود کو صحیح ثابت کرنے کے لئے وردی بھی پہنتے ہیں۔ x

## DOT Fake Call

حکومت نے شہریوں سے کہاہے کہ وہ اُن فرضی Calls سے گریز کریں، جن میں Call کرنے والے لوگ، موبائل نمبروں کو منقطع کرنے کی دھمکی دیتے ہیں۔

ٹیلی مواصلات کے محکمے نے ایک ہدایت جاری کی ہے جس میں شہریوں سے زور دے کرکہا گیاہے کہ وہ اس طرح کی فرضی Calls پر دھیان نہ دیں۔ محکمے نے غیرملکی موبائل نمبروں سے کی جانے والی وہاٹس ایپ Calls کے بارے میں ہدایت جاری کی ہے، جس میں سرکاری افسران کے نام غلط طورپر بتاکر عوام کو دھوکہ دیا جاتا ہے۔اُس نے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اس طرح کے واقعات کی اطلاع سائبر جرائم سے متعلق ہیلپ لائن نمبر 1930 پر ضرور دیں۔×

## CUETUG Delhi

مشترکہ یونیورسٹی داخلہ ٹسٹ CUET-UG جو آج یعنی 15 مئی کو ہوناتھا، دلی کے مرکزوں کیلئے کچھ ناگزیر حالات کی وجہ سے مؤخر کر دیاگیاہے۔

امتحانات منعقد کرانے والی قومی ایجنسی نے ایک بیان میں کہا کہ یہ امتحان اب 29 مئی کو ہوگا۔دلی کے مرکزوں میں، امتحان میں شامل ہونے والے امیدواروں کیلئے ایڈمٹ کارڈز دوبارہ جاری کئے جائیں گے۔ایجنسی نے کہاہے کہ کیمسٹری، بایولوجی، انگریزی اور جنرل ٹسٹ، آج 15 مئی کو کرائے جانے تھے، اب صرف دلی کے مرکزوں میں، امتحان میں شامل ہونے والے امیدواروں کیلئے مؤخر کئے گئے ہیں۔

امتحانات کا انعقاد کرانے والی قومی ایجنسی نے بتایا کہ گڑگاؤں، غازی آباد، فریدآباد، نوئیڈا اور بیرون ملک سمیت ملک کے دیگر سبھی شہروں میں، پہلے کے پروگرام کے مطابق ہی آج15 مئی کو کرائے جائیں گے۔×

## India Skill Competion

بھارت کا، ہنرمندی کا سب سے بڑا چار روزہ مقابلہ آج نئی دلی میں منعقد کیا جائے گا۔یہ مقابلہ ہنرمندی کے اعلیٰ ترین معیارات کے مظاہرے کیلئے تیار کیا گیاہے۔

ہنرمندی اور کاروبار کے فروغ کی وزارت نے بتایا India Skill Competion 2024 میں 30 سے زیادہ ریاستوں اور

مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے 900 سے زیادہ طلبہ حصہ لیں گے۔ وزارت نے بتایا کہ 400 سے زیادہ ماہرینِ صنعت بھی اِس تقریب میں شرکت کریں گے۔

انڈیا اسکلس کے فاتحین کو ورلڈ اسکلس کمپٹیشن کیلئے تیار کیا جائے گا، جو اِس سال ستمبر میں فرانس کے شہر Lyon میں منعقد کیا جائے گا، جس میں 70 سے زیادہ ملکوں کے ایک ہزار 500 مقابلہ کار یکجا ہوں گے۔×

## People Trapped In Mine

سرکاری شعبے کی کمپنی ہندوستان Copper لمیٹڈ کی ایک وِجیلنس ٹیم کے 14 اہلکار اور ارکان کل رات راجستھان کے، نیم کا تھانہ ضلع میں، ایک کان میں پھنس کر رہ گئے۔ پولیس نے بتایا کہ یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب عملے کو لانے لے جانے والی ایک عمودی شافٹ گرگئی۔

نیم کا تھانہ ضلع کے پولیس سپرنٹنڈنٹ پروین نائک نے بتایا کہ ایک بچاؤ ٹیم، پھنسے ہوئے افراد کے پاس پہنچ گئی ہے۔ پھنسے ہوئے افراد میں سے کچھ لوگ زخمی بھی ہوئے ہیں۔پولیس نے بتایا کہ اِن افراد کو باہر نکالنے کی کوششیں جاری ہیں۔یہ لوگ کولیہان کان میں، کئی سو میٹر کی گہرائی میں پھنسے ہوئے ہیں۔×

## J&K DG

سرحدی سڑک تنظیم BRO کے ڈائرکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل Raghu Srinivasan نے کہا ہے کہ امرناتھ گپھا کے درشن کرنے کا منصوبہ بنانے والے یاتری اِس سال بہتر راستوں کا تجربہ کریں گے۔

راجوری میں سرنگ کی پیشرفت کی ایک تقریب کے موقعے پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے BRO کے ڈائرکٹر جنرل نے کہا ہے کہ BRO کو پچھلے سال امرناتھ گپھا کے راستے کو چوڑا کرنے کا کام دیا گیا تھا جو عقیدتمندوں کے حفاظت کے لئے اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ BRO نے سڑکوں کو چوڑا کئے جانے کا کام مکمل کرلیا ہے۔x

## US China

امریکی صدر جوبائیڈن نے، چین کی الیکٹرک گاڑیوں، بیٹریز، اسٹیل، شمسی سیلز اور ایلومونیم پر زبردست محصول لاگو کردیاہے۔انہوں نے کہاہے کہ اِس سے اِس بات کی یقین دہانی ہوگی کہ امریکی کارکن، غیرمنصفانہ تجارتی طور طریقوں سے پیچھے نہیں رہیں گے۔ اِن میں الیکٹرک گاڑیوں پر سوفیصد محصول، سیمی کنڈکٹرس پر پچاس فیصد محصول اور چین سے آنے والی الیکٹرک گاڑیوں کی بیٹریوں پر پچیس پچیس فیصد محصول بھی شامل ہے۔

وہائٹ ہاؤس کے روز گارڈن سے، ملک سے خطاب میں جناب بائیڈن نے کہاکہ امریکہ جس طرح کی کار خریدنا چاہتا ہے، وہ خریدنا جاری رکھے گا لیکن وہ چین کو اس بات کی اجازت نہیں دے گا کہ اِس طرح کی کاروں کی مارکیٹ کو غیرمنصفانہ طورپر کنٹرول کرے۔

انہوں نے کہا کہ امریکہ، چین کے ساتھ منصفانہ مقابلہ چاہتاہے نہ کہ کوئی تنازعہ۔انہوں نے کہا کہ امریکہ، چین کے خلاف اکیسویں صدی کا اقتصادی مقابلہ جیتنے کی ایک مستحکم پوزیشن میں ہے۔

چینی مصنوعات پرمحصول کے اِس اضافے سے 18 ارب ڈالر زیادہ حاصل ہوں گے۔×

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے راجستھان، اترپردیش، پنجاب اور ہریانہ سمیت شمال مغربی بھارت میں کل سے اِس مہینے کی 18 تاریخ تک شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ مہاراشٹر اور گوا کے ساحلی علاقوں میں آج اور گجرات میں کل تک گرمی اور امس کا موسم رہے گا۔

اِس دوران موسمیات سے متعلق ایجنسی نے مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ، اڈیشہ اور گجرات میں آج گرج چمک، بجلی اور تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ مغربی بنگال، سکم، انڈمان اور نکوبار جزائر کے علاقوں میں اگلے چھ روز کے دوران اِسی طرح کے حالات رہیں گے۔ شمالی بھارت کے علاقوں تملناڈو، پدوچیری، کیرالہ، کرناٹک، آندھراپردیش اور تلنگانہ میں بھی اگلے چھ روز کے دوران اِسی طرح کے حالات رہیں گے۔

محکمۂ موسمیات نے کہا ہے کہ اگلے چار روز کے دوران وسطی بھارت میں زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوگا۔ ملک کے باقی حصوں میں موسم کے حالات میں کوئی خاص تبدیلی ہونے کا امکان نہیں ہے۔ x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں کل رات دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپٹلز نے لکھنؤ سپر جائنٹس کو 19 رن سے ہرا دیا۔ ڈیلی کیپٹلز نے مقررہ 20 اووَرس میں 4 وکٹ کے نقصان پر 208 رن بنائے ۔ اس کے جواب میں لکھنؤ سپر جائنٹس محض 189 رن ہی بنا سکی۔

اس سے پہلے لکھنؤ سپر جائنٹس نے ٹاس جیت کر گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ ڈیلی کیپٹلز اس جیت کے ساتھ پانچویں مقام پر پہنچ گئی ہے۔ اس سیزن میں اس نے 7 میچ جیت کر 14 پوائنٹس حاصل کئے جبکہ لکھنؤ سپر جائنٹس 6 میچ جیت کر 12 پوائنٹس کے ساتھ ساتویں مقام پر ہے۔

آج گوہاٹی میں راجستھان رائلس کا مقابلہ پنجاب کنگز سے ہوگا۔x

## Manika Batra Ranking

بھارت کی ٹیبل ٹینس کی سرکردہ کھلاڑی منیکا بترا خواتین سنگلز کی عالمی درجہ بندی میں چوٹی کی 25 کھلاڑیوں شامل ہونے والی پہلی بھارتی خاتون بن گئی ہیں۔ وہ پچھلے ہفتے سعودی Smash میں کامیابی حاصل کرنے کے بعد درجہ بندی میں اپنے کریئر کے بہترین 24 ویں مقام پر پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے سنگلز ٹیبل ٹینس مقابلے میں ایک بھارتی کھلاڑی کی جانب سے اعلیٰ درجہ بندی حاصل کئے جانے کے لئے G. Sathyans کا پانچ سال کا ریکارڈ بھی برابر کرلیا ہے۔ منیکا نے 2018 کامن ویلتھ کھیلوں میں انفرادی اور ٹیم زمروں میں سونے کا تمغہ حاصل کیا تھا۔ x

## یہ تھی خبریں

## GONG

## PRESS COMMENTS

### اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسد اللہ

### شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب، پرتاپ، ملاپ اور کئی اخباروں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے تیسری مرتبہ وارانسی سے BJP امیدوار کے طور پر پرچۂ نامزدگی داخل کئے جانے کی خبر کو بڑی خبر بنایا ہے۔ وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ سمیت 11 ریاستوں کے وزرائے اعلیٰ اور 25 سے زیادہ مرکزی وزراء نے اس میں شرکت کی۔

روزنامہ انقلاب نے BJP لیڈر سشیل کمار مودی کی آخری رسومات ادا کئے جانے اور وزیر اعظم، کانگریس صدر سمیت کئی

سیاسی رہنماؤں کے ذریعہ ان کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کئے جانے کی خبر کو پیش کیا ہے۔
دلی میں انکم ٹیکس کی عمارت میں آگ لگنے سے ایک ملازم کی موت۔ آگ لگنے پر لوگوں کو باہر نکالا گیا۔ فائر بریگیڈ کی 10 گاڑیوں کی مدد سے آگ پر قابو پایا گیا۔ اس خبر کو کچھ اخباروں نے پہلے صفحے پر جبکہ کچھ اخباروں نے اندرونی صفحے پر پیش کیا ہے۔
روزنامہ ملاپ کی ایک خبر ہے کہ دلی NCR میں درجۂ حرارت 44 ڈگری تک پہنچنے کی محکمۂ موسمیات کی وارننگ۔ دن کے وقت تیز گرم ہوائیں چلنے کا امکان۔
اسی اخبار اور کئی دیگر نے ہاپوڑ میں سڑک حادثے میں ایک ہی کنبے کے 6 نوجوانوں کی موت ہونے کی خبر کو نمایاں کیا ہے۔
سپریا بھاردواج کانگریس کی نئی نیشنل میڈیا کوآرڈینیٹر بنیں۔ یہ خبر بھی کئی اخباروں نے دی ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔مختلف رہنما اپنی اپنی پارٹیوں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے ریاستوں کے دورے کررہے ہیں۔

2 انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے دلی ہائیکورٹ کو مطلع کیا ہے کہ عام آدمی پارٹی کو ایکسائز پالیسی گھوٹالے میں شریک ملزم بنایا جائے گا۔

3 مرکزی وزارت داخلہ نے لوگوں کو سائبر مجرموں کے ہاتھوں بلیک میلنگ اور ڈیجیٹل طور پر لوگوں کو گرفتار کئے جانے کے خلاف خبردار کیاہے جو سرکاری افسران کے نام سے یہ جرائم انجام دیتے ہیں۔

4 امریکی صدر جوبائیڈن نے چین کی الیکٹرک گاڑیوں اور بیٹریوں پر کافی زیادہ محصول لاگو کردیاہے تاکہ امریکی کارکنوں کو غیرمنصفانہ تجارتی طور طریقوں سے تحفظ دیا جاسکے۔

5 اورٹیبل ٹینس میں مانیکا بترا ایسی پہلی بھارتی خاتون بن گئی ہیں جنہوں نے خواتین کے سنگلز کی درجہ بندی میں سرفہرست25 کھلاڑیوں میں مقام حاصل کیاہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---